☆ بوقت صبح صادق اپنے دونوں ہاتھوں پر سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائیں اور پورے جسم پر ہاتھ پھیر لیں اسی دن اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

مکمل شفاء اور صحت یابی کے لئے اس عمل کو مسلسل گیارہ یوم جاری رکھیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ سات بار پانی پر دم کر کے پلانا بہت ہی مفید اور فائدہ پہنچاتا ہے۔

آیت مبارکہ:۔

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖ وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ

☆ سورۂ بقرہ کی ان آیات مبارکہ کو مٹی کے کسی چکنے برتن میں جو تیل یا گھی سے چکنا ہو گیا ہو یا کانچ یا پتھر کے برتن پر لکھ کر باران ربیع کے پانی سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر تین روز رہنے دیں پھر اس میں سرخ بکری کا دودھ ملا کر ہلکی آنچ پر اس کو گاڑھا کرے۔ پیاس لگے تو یہ پانی صبح کے وقت اور سوتے وقت اسی قدر پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہوگی۔

آیات مبارکہ:۔

وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَ لَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# متلی و قے کا علاج

اگر گیس یا ریح یا بدہضمی کی وجہ سے متلی اور قے آنا شروع ہو جاتی ہے اور وہ رکنے کا نام نہیں لیتی اس سے مکمل نجات کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور مفید ہیں۔

☆ اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہو گی اور خون آنا بند ہو جائے گا۔

## آیات مبارکہ:-

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ . فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ .

☆ ایک کورے مٹی کے پیالے کو عرق گلاب سے دھو کر خشک کرنے کے بعد ان آیتوں کو لکھ کر مریض کو اس میں تین دفعہ پانی پلانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔

## آیتیں:-

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ اَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَ اَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ .

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر نہار منہ سات روز پلا دیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تکلیف دور ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

وَ قِيْلَ يٰاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَ غِيْضَ الْمَآءُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَ قِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔

☆ روزانہ بعد از نماز ظہر اکیس یوم تک ذیل کی آیات مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض:۔

اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ وَ اكْفِ اَنْتَ الْكَافِيْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ عَافِ اَنْتَ الْمُعَافِيْ ۔

پڑھ کر اس پانی کو تین مرتبہ روزانہ استعمال کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مرض سے شفاء کلیہ حاصل ہوگی۔

محمد سلیم قادری

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمُ ۔

☆ گیارہ بار ذیل کی آیات مبارکہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم متلی آنا بند ہو جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آیات مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ .

اِذَا وَقَعَتِ الۡوَاقِعَةُ ۙ لَيۡسَ لِوَقۡعَتِهَا كَاذِبَةٌ . خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۙ
اِذَا رُجَّتِ الۡاَرۡضُ رَجًّا ۙ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ فَكَانَتۡ هَبَآءً
مُّنۡۢبَثًّا ۙ وَّ كُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا ثَلٰثَةً ؕ فَاَصۡحٰبُ الۡمَيۡمَنَةِ ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ
الۡمَيۡمَنَةِ ؕ وَ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ . وَ
السّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ۙ اُولٰٓئِكَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ . ۚ

## بدہضمی کا علاج

محمد بشیر قادری

بدہضمی سے پیدا ہوئے والے امراض کا شافی علاج ذیل کے اعمال کرنے سے اس سے مکمل نجات مل جاتی ہے۔

☆ سورہ القدر گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔نہایت مفید اور فائدہ مند ہے۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ سات بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھلایا جائے۔
انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فائدہ ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

وَ بِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَ بِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ
نَذِيۡرًا .

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# قولنج کا علاج

قولنج کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور مفید ہیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر کمر میں باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

وَ اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ ۙ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ

☆ باوضو حالت میں ایک گلاس پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے، سات مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر دم کرے اس کے بعد یہ دعا سات مرتبہ پڑھے۔

دعا:-

اَعُوْذُ بِوَجْهِ الْعَظِیْمِ وَ قُدْرَتِهِ الَّتِیْ لَا تَمْنَعُ مِنْهَا مِنْ شَرِّ مَا اَجِرَ مِنْهُ

پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مرض میں افاقہ ہوگا سات یوم تک بلا ناغہ اسی طرح پانی روزانہ دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

☆ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد سے نجات حاصل ہوگی ہر روز بلا ناغہ اس طرح دم کر کے پانی پلائے جب تک مکمل آرام نہ آجائے پلائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اللہ تعالیٰ سورہ یوسف کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور قولنج کا درد جاتا رہے گا۔

## دست (اسہال) اور پیچش کا علاج

دست، اسہال اور پیچش کے شافی علاج کیلئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ سورہ دخان لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہو جاتی ہے۔

☆ سورہ والشمس لکھ کر گھول کر پیچش کے مریض کو پلائیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم صحت پالے گا۔

☆ سات دن تک ذیل کی آیت مبارکہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ نہایت اکسیر اور مفید ہے۔

آیت مبارکہ:-

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّ الَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۔

☆ ذیل کی یہ آیت مبارکہ روزانہ کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اور موم جامہ کر کے دھو کر پلائیں اور بچے ہوئے کاغذ کو بھی چبا کر نگل لیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ، اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# کدودانے کا علاج

کدودانوں کے علاج کے لئے ذیل کا عمل اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

گڑ کی چھ ڈلیاں لے کر تین پر ذیل کی آیت لکھیں اور تین پر پڑھ کر دم کریں۔

مریض ہر روز ایک ڈلی کھالے، چھ دن پورے کر کے پھر کوئی کڑوی چیز کھالے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء کامل حاصل ہوگی پھر کبھی نہ ہوں گے۔

آیت مبارکہ:۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ . اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۔

# ناف کے ٹل جانے اور درد کا علاج

بھاری کام کاج یا کسی بیماری کی وجہ سے ناف اکثر اپنی جگہ سے ٹل جاتی ہے اور ناف کے مقام پر درد شروع ہو جاتا ہے اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال مفید اور کارگر ہیں۔

☆ اس مقصد کے لئے اسے چاہیے کہ ذیل کی آیت مبارکہ کو ناف پر باندھ لے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز صحت ہو جائے گی۔

جب شفاء ہو جائے تو اس آیت کریمہ کو کھول کر دریا کے بہتے ہوئے پانی میں بہا دیں۔

آیت کریمہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ ذیل کی آیت مبارکہ بسم اللہ شریف سمیت زعفران وگلاب سے لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کے اوپر کی جگہ باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ناف اپنی جگہ پر آ جائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر ناف نہ ٹلے گی۔

آیت مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا

☆ ذیل کا نقش مکرم لکھ کر باندھے لیکن موم جامہ کر لے اور تعویذ کمر میں اس طرح باندھے کہ ناف کے اوپر تعویذ رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ناف اپنی جگہ آ جائے گی اور مریض کو شفاء ہوگی۔

نقش مکرم:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِذَا جَآءَ | نَصۡرُ اللّٰهِ | وَالۡفَتۡحُ | وَرَاَيۡتَ |
| النَّاسَ | يَدۡخُلُوۡنَ | فِىۡ | دِيۡنِ |
| اللّٰهِ | اَفۡوَاجًا | فَسَبِّحۡ | بِحَمۡدِ |
| رَبِّكَ | وَاسۡتَغۡفِرۡهُ | اِنَّهٗ | كَانَ |
| تَوَّابًا | يَا غَفُوۡرُ | يَا شَافِىۡ | يَا كَافِىۡ |

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# پاخانہ اور پیشاب بند ہونے کا علاج

کسی بھی بیماری یا کسی اور تکلیف سے پاخانہ اور پیشاب کے بند ہو جانے کا شافی علاج ذیل کے علاج سے کارگر اور مفید رہتا ہے۔

☆ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ ذیل کی آیت کریمہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائے دوسرے دن پھر اسی طرح کرے اگر بارش کے پانی پر دم کرے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ عام تازہ پانی پر بھی دم کرنے سے مرض میں افاقہ ہوگا۔

چند روز تک بلاناغہ اس طرح پانی پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

آیت کریمہ:-

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

☆ باوضو حالت میں سورہ مزمل ایک مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف تنجینا پڑھ کر پانی کی بوتل پر دم کر کے بنالیں اور دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ پانی استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل سے مثانہ کی تکلیف رفع ہو جائے گی چند یوم کے مسلسل عمل سے پیشاب کی جملہ تکالیف کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

درود شریف تنجینا:-

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَ الْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَکَ عَلَى الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيَاةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ .

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا . فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا . وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً .

☆ ذیل کی آیت مبارکہ زعفران و گلاب سے لکھ کر اور موم جامہ کر کے مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فائدہ ہوگا۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ .

وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ .

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# دردِ جگر کا علاج

جگر کے درد کے لئے ذیل کے اعمال نفع بخش اور شافی الشفاء کا درجہ رکھتے ہیں۔

تکلیف دہ شخص کو چاہیے کہ وہ صبح دوپہر شام کسی چینی کی پلیٹ پر باوضو حالت میں گلاب و زعفران سے آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف اور آیت کریمہ:-

☆ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر پی لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اکیس یوم میں اس بیماری سے مکمل نجات مل جائے گی اور ہمیشہ کے لئے شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

☆ سورہ بقرہ کی ذیل کی آیت مبارکہ (آیت الکرسی) تین بار پاک و صاف برتن پر لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہوگی۔

محمد تبیر قادری

آیت مبارکہ:-

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ لکھ کر مریض کو پلائیں اور اس کی چارپائی پر لٹکائیں اور اس کے بعد ذیل کے کلمات لکھیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جگر کا درد جاتا رہے گا۔

آیات مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ‎.

اَللّٰهُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ‌ؕ مَثَلُ نُوۡرِهٖ كَمِشۡكٰوةٍ فِيۡهَا مِصۡبَاحٌ‌ ؕ اَلۡمِصۡبَاحُ فِىۡ زُجَاجَةٍ‌ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوۡكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيۡتُوۡنَةٍ لَّا شَرۡقِيَّةٍ وَّلَا غَرۡبِيَّةٍ ۙ يَّـكَادُ زَيۡتُهَا يُضِىۡٓءُ وَلَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡهُ نَارٌ‌ ؕ نُوۡرٌ عَلٰى نُوۡرٍ‌ ؕ يَهۡدِى اللّٰهُ لِنُوۡرِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ‌ ؕ وَيَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ‌ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ‎. فِىۡ بُيُوۡتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنۡ تُرۡفَعَ وَيُذۡكَرَ فِيۡهَا اسۡمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيۡهَا بِالۡغُدُوِّ وَالۡاٰصَالِ ۙ.

محمد ... قادری

کلمات:-

اِرۡتَفِعۡ اَيُّهَا الۡوَجۡعُ وَ الرِّيۡحُ مِنۡ جَوۡفِ كَذَا وَ كَذَا بِالَّذِىۡ رَفَعَ السَّمَاءَ اَنۡ تَقَعَ عَلَى الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ وَ بِالَّذِىۡ رَفَعَ اِدۡرِيۡسَ مَكَانًا عَلِيًّا بِاَلۡفِ اَلۡفِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡعَظِيۡمِ ‎.

## پتہ کی بیماری

پتہ کی تکالیف کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ ذیل کی آیت مبارکہ روزانہ بعد از نماز فجر، مغرب اور عشاء اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے اسے پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے مسلسل عمل سے بفضلہٖ مکمل شفاء یابی نصیب ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

الٓمٓ ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۙ

☆ اس مقصد کے لئے قدرے چینی لے کر اس پر بسم اللہ شریف، اول و آخر درود شفاء اور آیت مبارکہ ذیل اکیس، اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض اس کو روزانہ چاٹ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کیلئے درد ختم ہو جائے گا اور شفا کاملہ حاصل ہوگی۔

محمد شبیر قادری

درود شفاء:-

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِهَا وَ عَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَائِهَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِیَآئِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بَعَدَ وَ کُلِّ ذَرَّةٍ وَّ خَلَائِقٍ.

☆ سورہ الناس گیارہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پیٹ کی تمام بیماریاں جاتی رہیں گی۔

☆ گیارہ بار ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا بہت ہی مفید اور مجرب ہے۔

آیت مبارکہ:-

اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ ذیل کی آیات سبز کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اکیس روز تک پلائی جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پتہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

آیات مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ .

وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً . فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ .

## تلی کے بڑھ جانے کا علاج

اگر تلی میں ورم ہو گیا ہو اور وہ اپنے اصل سائز سے بڑھ گئی ہو تو ایسے میں اس کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ اور بسم اللہ شریف کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے۔ اس طرح کہ تعویذ تلی کے مقام پر پڑا رہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تلی کا ورم دور ہو جائے گا اور تلی اپنی اصلی حالت میں آ جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ .

☆ اس مقصد کے لیے گندم کا آٹا گوندھ کر تلی کی جگہ پر رکھ کر باوضو حالت میں لوہے کی چھری جس کے دستے میں تین کیل جڑے ہوئے ہوں ہاتھ میں پکڑ کر سورہ الناس

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ذیل کے طریقہ سے پڑھے:-

اس کے بعد آٹے کی ٹکیہ پر نشان + چھری سے لگائے اور ٹکیہ کو الٹ کر اسی طرح پھر دو مرتبہ سورہ الناس پڑھے۔

سات، گیارہ یا چالیس یوم تک پڑھنے سے بفضلِ باری تعالیٰ آرام آ جاتا ہے پروردگار عالم شفاء سے نوازتا ہے۔

عمل کے دوران جب عمل مکمل ہو جائے تو روزانہ آٹے کی ٹکیاں پرندوں کو کھلا دے اگر یہ عمل کنٹھ مالا کے لیے کرنا مقصود ہو تو پھر کٹ گنٹھلی کٹ تختی کے الفاظ پڑھے اور آٹے کی ٹکیہ کی بجائے صاف اور پاک مٹی کی ٹکیہ بنائے اور عمل کرنے کے بعد دریا یا کسی بھی پاک جاری شدہ پانی میں ڈال دے۔

اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل و کرم سے بیماری جاتی رہے گی اور مکمل طور پر آرام آ جائے گا۔

محمد شبیر قادری

طریقہ:-

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ کٹ تلی کٹ سختی مَلِكِ النَّاسِ ۙ ناس کٹ تلی کٹ سختی اِلٰهِ النَّاسِ ۙ ناس کٹ تلی کٹ سختی مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ ناس کٹ تلی کٹ سختی الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ ناس کٹ تلی کٹ سختی مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ؑ ناس

☆ سورہ والضحیٰ لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں پر باندھا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# یرقان (پیلیا) کا علاج

یرقان (پیلیا) جیسے موذی مرض کے علاج کے لیے ذیل کے اعمال انتہائی اکسیر ہیں۔

☆ سورہ سبا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر یرقان کے مریض کو پلانا اور منہ پر اس پانی کا چھڑکنا مفید اور نافع ہے۔

☆ باوضو حالت میں ایک پلیٹ پر عرق گلاب اور خالص شہد و زعفران سے یہ نقش لکھیے۔



بحق لا الہ الا اللہ

و بحق محمد الرسول اللہ

نقش لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر مریض کو دن میں کئی بار پلائے اس کے علاوہ یہی نقش ایک سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا۔ بفضلِ باری تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

☆ سورہ البینہ کی ذیل کی آیات مبارکہ کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالا جائے اور پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم یرقان جاتا رہے گا۔ مجرب اور مفید ہے۔

## آیات مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔

لَمۡ یَکُنِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ وَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مُنفَكِّينَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً
فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۗ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ
مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۗ وَمَآ أُمِرُوٓا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ
الدِّينَ ۙ حُنَفَآءَ وَ يُقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِينُ
الْقَيِّمَةِ ۗ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ
جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا ۗ أُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۗ إِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۗ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۗ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۚ

## پیشاب کی بندش کا علاج

اگر کسی بیماری یا کسی اور وجہ سے پیشاب کی بندش کا مرض لاحق ہو جائے تو اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔

☆ سورہ التکاثر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

☆ دو کاغذوں پر ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر ایک اس کے گلے میں بطور تعویذ ڈالیں اور ایک پانی میں گھول کر پلائیں۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم پیشاب جاری ہو جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

آیت مبارکہ:-

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پیشاب کھل جائے گا۔

آیات مبارکہ:-

وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۔

☆ بعد از نماز فجر یا جس وقت بھی ضرورت محسوس کریں باوضو حالت میں ذیل کی آیات مبارکہ کو اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی بنائیں اور مریض کو پانی پلائیں اور انہی آیات کا اس پر دم بھی کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایک سے سات روز کے اندر اندر پیشاب کی بندش مکمل طور پر ختم ہو جائے گی اور درد سے اسی وقت فوری آرام مل جائے گا۔

اگر اس عمل کو اکتالیس روز تک مسلسل کرایا جائے تو آئندہ زندگی بھر ایسی بیماری لاحق نہ ہوگی بے حد مجرب عمل ہے۔

آیات مبارکہ:-

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ الْاَرْضِ وَ اغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَ خَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَائِكَ وَ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ

☆ سورۂ بقرہ کے پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکہتر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے یہ دم کیا ہوا پانی مریض دن میں بار بار پیئے اگلے روز پھر اکہتر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پینے کے لیے دے۔

آیت مبارکہ:-

وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۔

اس کے علاوہ اسی آیت مبارکہ کو ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھے اور تعویذ کی طرح بنا کر مریض کو دے کہ وہ اس کو اپنے گلے میں ڈالے۔

اس عمل کی بدولت انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پیشاب کی بندش و رکاوٹ دور ہو جائے گی پیشاب کھل کر آئے گا اور بفضلِ باری تعالیٰ مریض کی تکلیف رفع ہو جائے گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# پیشاب میں خون آنے کا علاج

اگر کسی بیماری کی وجہ سے پیشاب میں خون آنے لگے تو اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔

☆ کھانا کھانے سے پہلے سورہ القریش پڑھ لیا کرے اس عمل کا معمول بنا لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عارضہ سے محفوظ رہے گا۔

☆ ہر نماز کے بعد سورہ طارق اس طرح پڑھیں کہ جب:۔

اِنَّهٗ عَلٰی رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ

پر پہنچیں تو بیماری کا تصور ذہن میں کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے اندر اندر بیماری ختم ہو جائے گی اور مکمل طور پر آرام آ جائے گا۔

محمد شبیر قادری

# پیشاب کی زیادتی کا علاج

اگر کسی بیماری کی وجہ سے پیشاب کی زیادتی واقع ہو جائے اور علاج معالجہ سے آرام نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل اکسیر اعظم ہے۔

ذیل کی آیت مبارکہ زعفران و گلاب سے لکھیں اور پانی سے دھو کر پلائیں نہایت مفید اور نافع ہے۔

آیت مبارکہ:۔

وَ قِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَ يٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَ غِيۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِىَ الۡاَمۡرُ وَ اسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَ قِيۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

الظّٰلِمِیْنَ ۔

## درد گردہ ومثانہ کا علاج

درد گردہ ومثانہ کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال مفید اور کارگر ہیں۔

بعد از نماز فجر باوضو حالت میں مریض کے گردوں کے مقام پر انگلی سے ذیل کی آیات لکھیں اور پھر انہیں آیات کو گیارہ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شفاء گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

یہی عمل بعد نماز ظہر اور نماز مغرب بھی کریں۔ انشاء اللہ تین یوم کے اندر اندر درد گردہ سے مکمل نجات مل جائے گی۔

آیات مبارکہ:۔

وَ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۔

☆ بعد از نماز فجر چینی کی بڑی پلیٹ پر سورہ مریم بمعہ بسم اللہ شریف زعفران وگلاب سے لکھے پھر اس کو تازہ پانی سے دھو کر کسی بوتل میں پانی کو بھرے اور اس پر اول وآخر درود شفاء ایک سو بار اور سورہ مریم گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو نہار منہ چار گھونٹ پانی یا شافی بحرمت سورہ مریم پڑھ کر پی لیا کرے اور یہی عمل رات کو سوتے وقت کیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند یوم کے عمل سے سنگ مثانہ یا گردہ ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی۔

☆ ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک جو کہ سورہ اخلاص کا ہے باوضو حالت میں نماز فجر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کے بعد عرق گلاب اور زعفران سے دو عدد لکھے ایک نقش پانی میں گھول کر مریض کو پلائے اور دوسرا مریض کے گلے میں ڈال دے روزانہ ایک نقش لکھ کر پانی میں گھولے اور مریض کو دن میں کئی بار یہ پانی پلائے اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل و کرم سے گردے کی درد میں افاقہ ہوگا اور دن بدن آرام محسوس ہوگا پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

نقش:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۰ | ۲۵۳ | ۲۵۶ | ۲۴۳ |
| ۲۵۵ | ۲۴۴ | ۲۴۹ | ۲۵۴ |
| ۲۴۵ | ۲۵۸ | ۲۵۱ | ۲۴۸ |
| ۲۵۲ | ۲۴۷ | ۲۴۶ | ۲۵۷ |

☆ سورہ قریش کو کھانے پر دم کر کے کھلانا درد گردہ ومثانہ کے لئے نافع اور مفید ہے۔

☆ اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ عرق گلاب پر دم کر کے پلانا بہت مفید اور نافع ہے۔

آیت مبارکہ:۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ۙ وَ لِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ ۙ وَ هَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ۚ

☆ سورہ الم نشرح پانی پر دم کر کے مثانہ کے درد والے کو پلانا مفید ہے۔

# پتھری کا علاج

پتھری کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ذیل کی آیت مبارکہ بعد از نماز فجر اکتالیس مرتبہ اور درود شریف ذیل اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لیں اور اس پانی کو مریض روزانہ نہار منہ:۔

**یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ شِفَاءُ کَ بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ**

پڑھ کر پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے بفضلہٖ گردے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی اور پھر دوبارہ نہیں پیدا ہو گی۔ بے حد مجرب ہے۔

درود پاک:۔

**اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَخَلَائِقِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَصْحَابِهٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا وَ یَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ہ**

☆ سورہ التکاثر لکھ کر پانی سے دھو کے مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پتھری دور ہو جائے گی۔

☆ سورہ الم نشرح کاغذ حریر پر اکیس دن تک لکھ کر پلائیں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی اور اللہ عزوجل کے حکم سے مریض شفاء پائے گا اور اس سورت کو ہر روز پڑھ کر دم بھی کرتا رہے۔

ذیل کی آیات مبارکہ پتھری کے لئے بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

آیات مبارکہ:۔

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ .**

**وَ اِذِا سْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاکَ**

www.iqbalkalmati.blogspot.com

الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ .

☆ ابن کلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے کہ کسی بزرگ کو عسر البول کی بیماری ہو گئی تھی انہوں نے ذیل کی آیات مبارکہ کو زعفران و گلاب سے لکھا اور پانی سے دھو کر پیا۔

پتھری نکل گئی اور با آسانی پیشاب کھل گیا۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۙ فَیَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِیَ یَوْمَئِذٍ وَّاهِیَةٌ .

## ذیابیطس (شوگر کا علاج)

ذیابیطس (شوگر) ایک موذی مرض ہے انسان کی قوت حیات کو ختم کرتا ہے اور انسانی کارکردگی کو صفر پر لے آتا ہے اس کے علاج سے عدم توجگی جان لیوا بھی ثابت ہوتی ہے۔ اس کا شافی علاج ذیل کے اعمال میں پوشیدہ ہے جن سے بفضلہ تعالیٰ یہ مرض مکمل کنٹرول میں رہتا ہے۔

☆ باوضو ہو کر قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھولیں اور اس پانی کو مریض کو پلائیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز ذیابیطس کا عارضہ دفع ہو جائے گا۔

آیات مبارکہ:-

وَ اِذِا سۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاکَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡہُ اثۡنَتَا عَشۡرَۃَ عَیۡنًا ؕ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا ۙ وَّحُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً ۔

☆ دن میں ایک بار کسی بھی وقت مقررہ پر اول تین یا پانچ یا سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ذیل کی آیت مبارکہ ایک بار اور سورہ عادیات ایک بار پڑھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد افاقہ ہوگا۔

آیت مبارکہ:-

اِنَّہٗ عَلٰی رَجۡعِہٖ لَقَادِرٌ ؕ

☆ سورۂ بقرہ کی ذیل کی آیت مبارکہ باوضو حالت میں لکھے۔

آیت مبارکہ:-

وَ اِذِا سۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاکَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡہُ اثۡنَتَا عَشۡرَۃَ عَیۡنًا وَبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا وَّحُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً۔

لکھنے کے بعد اس کو پانی سے دھو کر یہ پانی مریض کو پلایا جائے روزانہ یہ عمل کیا جائے۔

محمد شبیر قادری

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چالیس یوم کے اندر اندر مریض کو افاقہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

☆ ڈھائی ماہ تک بلاناغہ اول و آخر تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے شوگر کے مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد نفع ہوگا۔

آیت مبارکہ:-

وَ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔

## درد کمر کا علاج

اکثر بھاری کام کاج یا کسی بیماری کی وجہ سے درد کمر کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ الحمد شریف ایک پاک برتن میں لکھے اور روغن بلسان سے اسے دھو کر اور سات مرتبہ اس تیل پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور تیل کو کمر پر دو تین روز مالش کرے۔ بہت ہی مفید اور نافع ہے۔

☆ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ سورہ یوسف لکھ کر روغن بلسان خالص سے دھولیں پھر اس تیل پر ستر مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کرلیں۔

کمر درد ہونے کی صورت میں اس تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد میں آرام آ جائے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ اس مقصد کے لیے چینی کی سات طشتریاں لے کران پر بسم اللہ شریف اور آیات ذیل زعفران وگلاب سے لکھیں اور بعد ازاں ان طشتریوں کو روغن زیتون سے باری باری دھو کر اس روغن زیتون کو کسی شیشی میں محفوظ فرمالیں اور بعد ازاں روزانہ رات کو اس روغن زیتون کی مالش کمر پر کر کے اوپر کپڑا ڈال کر سو جائے۔

صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے غسل کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز سات یوم کے عمل مسلسل سے کمر درد سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارامل جائے گا اگر اس عمل کو مسلسل اکیس یوم تک کرالیا جائے تو زندگی میں پھر کبھی بھی یہ مرض لاحق نہ ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ؕ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ؕ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ؕ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى ۔

## بواسیر خونی و بادی کا علاج

بواسیر خونی و بادی ہر قسم کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ آخری چہار شنبہ کے دن چاندی کا ایک چھلا بنوا کر ایک پیالی میں تھوڑا سا پانی لیں اور باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس چھلہ کو آگ میں گرم کر کے اس پانی کو بجھا دے اور پھر اسی دن دائیں ہاتھ کی انگلی میں بواسیر کا مریض چھلہ پہن لے۔ چھلہ کا وزن چار ماشے سے زیادہ نہ ہو اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل و کرم

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے بواسیر کے مرض سے نجات مل جائے گی۔

☆ ہر روز باوضو تازہ پانی پر ایک بار آیت الکرسی اور ایک ہزار مرتبہ:-

یَا عَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اول و آخر درود پاک تین تین بار پڑھ کر دم کر کے نہار منہ پی لیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم میں خون آنا بند ہو جائے گا اور اکیس یوم میں اس مرض سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

☆ ذیل کا نقش چاندی کے خول میں ڈال کر بازو پر باندھے تو جلدی فائدہ ہوگا۔

نقش:-

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ .

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ایک روایت یہ ہے کہ جس کے پاس یہ نقش ہوگا چھ سو بیس فرشتے ہر وقت اس کی حفاظت کے لئے اس کے ساتھ رہیں گے روزی فراخ ہوتی ہے، ایمان محفوظ رہتا ہے شیطان اس پر قابو نہیں پا سکتا۔

☆ دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد:-

اَلَمْ نَشْرَحْ

اور دوسری رکعت میں:-

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ

پڑھے اور بعد سلام پھیرنے کے ستر بار یہ کہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ رَبِّیْ

جب تک بواسیر کی شکایت رہے کرتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی ہر قسم کی بواسیر کے لئے مجرب اور فائدہ مند ہے۔

## ہاتھ پیروں میں درد کا علاج

ہاتھ اور پیروں میں درد خواہ کسی بھی وجہ سے ہو ان کے علاج کے لیے ذیل کے اعمال بیحد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگائیں اور پھر موم جامہ کر کے اس کا تعویذ بنا کر باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اچھا ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ۭ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰي مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝

☆ پچھلی رات ان آیات مبارکہ کو سفید کاغذ پر لکھ کر مقام درد پر باندھیں تو ہاتھ پاؤں کے ہر درد سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم صحت کلی حاصل ہوگی۔

آیات مبارکہ:-

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۔

☆ کسی بھی مہینے کی ستائیس تاریخ کو اس نقش مکرم کو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی ناف پر باندھیں اور تین روز تک یہ اہتمام رکھیں کہ تعویذ کسی وقت بھی ناف پر سے ہٹنے نہ پائے اور اگر اتفاق سے کسی وقت ناف سے ہٹ جائے تو اس کو فوراً ناف پر کر لے اور تین یوم کے بعد کمر میں بندھا رہنے دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۳۸ | ۳۵ | ۱۲ |
| ۳۶ | ۱۱ | ۶ | ۳۷ |
| ۱۰ | ۳۳ | ۴۰ | ۷ |
| ۳۹ | ۸ | ۹ | ۳۴ |

محمد شبیر قادری

## درد بازو کا علاج

درد بازو کا مرض ذیل کے اعمال سے ہمیشہ کے لئے رفع ہو جاتا ہے۔

☆ تین بار ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۚ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ ذیل کی آیت مبارکہ زعفران وگلاب سے کسی سفید کاغذ پر لکھ کر اور موم جامہ کر کے جس جگہ درد ہو وہاں باندھا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ؕ فِیۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ۙ

☆ ذیل کی آیت مبارکہ باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگائیں اور پھر موم جامہ کر کے اس کا تعویذ بنا کر باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اچھا ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَ مَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَ قَدۡ ہَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَ لَنَصۡبِرَنَّ عَلٰی مَاۤ اٰذَیۡتُمُوۡنَا ؕ وَ عَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ۪

## درد ران کا علاج

درد ران کا مرض ذیل کے اعمال سے ہمیشہ کے لئے رفع ہو جاتا ہے۔

☆ باوضو حالت میں سورہ یوسف چینی کی پلیٹ پر لکھے اور خالص روغن زیتون سے اس کو دھو کر کسی چیز میں ڈال لے اس کے بعد ستر مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر اس پر دم کرے اور ہر روز رات کو سونے سے پیشتر اس تیل کی مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند دنوں میں ہی افاقہ ہو گا اور درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے پلانا ران کے درد میں بہت ہی نافع اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مفید ہے۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰہُ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ وَ الۡمِیۡزَانَ ؕ وَمَا یُدۡرِیۡکَ لَعَلَّ السَّاعَۃَ قَرِیۡبٌ ۔

☆ روایت ہے کہ کسی شخص کی ران میں ضرب آ گئی تھی جس سے وہ ٹوٹ گئی تھی کوئی شخص اس کے خواب میں آیا اور کہا کہ جس موقع پر درد ہے اس جگہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھو بس اس کی ران اچھی ہو گئی اور تکلیف ختم ہو گئی۔

آیت مبارکہ:۔

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ۫ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ۔

☆ ایک سو ایک مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ران کا درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰہُ الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَکُمۡ فَاَحۡسَنَ صُوَرَکُمۡ وَ رَزَقَکُمۡ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمۡ ۚۖ فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۔

## درد بدن کا علاج

درد بدن خواہ کسی بھی وجہ سے ہو ذیل کے عمل سے ہمیشہ کیلئے کافور ہو جاتا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوسرا کوئی شخص باوضو حالت میں جسم کے اس حصے پر چاروں طرف خط کھینچے پھر گیارہ مرتبہ سورہ مریم شریف پڑھ کر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل سے درد میں فوری افاقہ ہوگا اور تین بار کے اس عمل سے درد سے مکمل نجات مل جائے گی۔

## درد پٹھہ

درد پٹھہ ذیل کے عمل سے مکمل کافور ہو جاتا ہے اور دوبارہ نہیں ابھرتا۔

روغن زیتون لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ یوسف پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور دم کرے یہ تیل مریض کو دے جس جگہ پر درد ہے وہاں اس کی مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند بار مالش کرنے سے آرام آ جائے گا تین دن تک ہر روز مالش کرے بفضلِ باری تعالیٰ شفاء ہوگی اور درد رفع ہو جائے گی۔

## درد پنڈلی کا علاج

درد پنڈلی ذیل کے اعمال سے ہمیشہ کیلئے کافور ہو جاتا ہے بے حد مجرب عمل ہے۔

☆ اس مقصد کے لئے کورے پاک برتن پر اس آیت مبارکہ کو سیاہی سے لکھ کر اور اس برتن کو روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اس روغن کی مالش کرنے سے پنڈلیوں اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے۔

آیت مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَا اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْ يَعْمَلُوْنَ ۔

☆ تین سو تیرہ مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ تل کے تیل پر دم کر کے مالش کی جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تمام تکلیف دور ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۙ ۔

## انگلیوں کے درد کا علاج

انگلیوں کا درد ذیل کے اعمال سے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہاتھ پاؤں کے درد اور زخم چشم سے محفوظ رہے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَ قَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا ؕ وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۔

☆ تین مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ ہاتھ پر دم کر کے انگلیوں پر پھیرا جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:-

اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ؕ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں ڈالی جائے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم انگلیوں کا درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:-

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ .

## عرق النساء کا علاج

اکثر عورتوں کو عرق النساء کی تکلیف کسی نہ کسی وجہ سے لاحق ہو جاتی ہے اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور نافع ہیں۔

☆ سورہ فاتحہ پاک برتن پر لکھ کر روغن بلسان سے دھوئے اور اس روغن پر سورہ فاتحہ ستر مرتبہ پڑھے اور اس روغن کی مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم افاقہ ہوگا۔

شبیر قادری

☆ اول درود شریف دس بار پھر سورہ فاتحہ سات بار اور سورہ اخلاص سات بار اون کا سیاہ دھاگا لے کر اس پر دم کرے اور ایک گرہ دے پھر دوبارہ پڑھ کر ایک اور گرہ دے اس طرح نو بار پڑھ کر نو گرہیں دے کر وہ دھاگا مریض کو نہلا کر اور پاک صاف کر کے کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم فوراً آرام آ جائے گا اور آئندہ پھر اس کی شکایت نہ ہوگی۔

## جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کے درد کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ روغن زیتون پر اکتالیس مرتبہ اس طرح سورہ یوسف پڑھے کہ اول و آخر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

اکتالیس اکتالیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔

روغن زیتون پر دم کر کے مریض کو دے کہ وہ درد کی جگہ پر ہر روز مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بہت جلد افاقہ ہوگا۔

☆ روغن زیتون لیں اور اس پر اکتالیس مرتبہ آیت کریمہ:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ ۔

اور اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس، اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس دم شدہ زیتون کے تیل کو اکیس روز تک صبح رات کو جوڑوں پر مالش کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بہت ہی فائدہ ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا جَمِیْعِ الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔

## رعشہ کا علاج

رعشہ کا شافی علاج ذیل کے اعمال سے فی الفور ہو جاتا ہے اور یہ مرض ہمیشہ کے لئے کافور ہو جاتا ہے۔

☆ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی موٹی کاغذ پر ذیل کی آیات لکھ کر خوشبو لگا کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com

مریض کے گلے میں ڈالیں اور سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے اکتالیس نقش علیحدہ بنائیں اور ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر پلائیں اکتالیس دن تک نہار منہ پانی پینے سے رعشہ کا مرض رفتہ رفتہ کم ہو کر مکمل ختم ہو جائے گا اور صحت یابی حاصل ہوگی۔

آیات مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلرَّحۡمٰنُ ۙ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الۡبَيَانَ ۔ اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ ۙ

ذیل کا نقش مبارک زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگائے اور پھر موم جامہ کر کے اکثر و بیشتر وقتاً فوقتاً دیکھا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے بدن سے رعشہ دور ہو جائے گا اور صحت ہوگی مجرب اور مفید ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲۴ | ۳۲۸ | ۳۳۱ | ۳۱۷ |
| ۳۳۰ | ۳۱۸ | ۳۲۳ | ۳۲۹ |
| ۳۱۹ | ۳۳۳ | ۳۲۶ | ۳۲۲ |
| ۳۲۷ | ۳۲۱ | ۳۲۰ | ۳۳۲ |

## پاؤں کے رعشہ کا علاج

پاؤں کے رعشہ کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ایک پاؤ روغن زیتون پر تین ہزار مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ کر پاؤں کی انگلیوں کی مالش کی جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ

☆ روغن زیتون پر تین ہزار تین سو تیرہ مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ کو پڑھ کر تھتکار کر (بہت زور سے) دم کرے پھر دن میں تین مرتبہ اور رات میں ایک دفعہ ٹانگوں پر تیل کی مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد رعشہ وغیرہ اور درد جو کچھ ہوگا سب کچھ جاتا رہے گا اور ٹانگیں درست ہو جائیں گی۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ

## پاؤں کی انگلیوں میں چوٹ سے زخم ہونے کا علاج

پاؤں کی انگلیوں کے زخم کے لئے ذیل کا عمل اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

☆ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی آیت مبارکہ کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب

www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے لکھیں خوشبو لگا کر اس پر اسی آیت مبارکہ کا اکتالیس مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے پاؤں کی انگلیوں کا زخم چند یوم کے اندر اندر درست ہو جائے گا بے حد مجرب عمل ہے۔

آیت مبارکہ:-

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ . فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ؏

## ٹوٹی ہوئی ہڈی کی درستگی

ٹوٹی ہوئی ہڈی کا جڑنا ایک صبر آزما علاج ہے بہر حال اس کی مکمل درستگی کے لئے ذیل کے عمل بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ اس مقصد کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ کو باوضو حالت میں کثرت سے پڑھتے جائیں اور ٹوٹی ہوئی جگہ پر دم کرتے جائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہڈی جڑ جائے گی اور درد کافور ہو جائے گا تا مکمل شفاء اس عمل کو جاری رکھیں۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ . فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؑ

## چیچک کا علاج

چیچک کے دفعیہ کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

ایک نیلا دھاگہ لے کر اس پر سورہ رحمٰن پڑھے اور ہر بار

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۔

پر دھاگہ پر پھونک مار کر گرہ لگائے اور پھر اسے گلے میں ڈال دیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چیچک سے محفوظ رہے گا۔ اگر نکل آئی ہو تو بھی پڑھ کر دم کر دیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

☆ مریض کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ کو روزانہ بعد از نماز فجر چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب و شہد سے لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر کسی بوتل میں محفوظ کر لیں اور پھر مریض دن میں سات مرتبہ اس پانی کو پانچ پانچ گھونٹ کر کے پی لیا کرے۔ اس کے علاوہ ایک نقش اسی آیت مبارکہ کو پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں یا سیدھے بازو پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے تین تا گیارہ یوم کے اندر اندر مریض بفضلہٖ باری تعالیٰ شفایاب ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ۗ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۔ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# کینسر اور ناسور کا علاج

ناسور اور کینسر کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ نماز ظہر، مغرب یا نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز مرض کے سلب کرنے کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ الناس پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور ذیل کی آیت مبارکہ پڑھے۔

آیت مبارکہ:-

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَکْشِفُ السُّوْٓءَ

اس کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں نہایت عجز و انکساری سے مریض کی صحت کے لیے دعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز جس بھی مریض کے لیے یہ عمل کرے گا اسے شفائے کاملہ نصیب ہوگی پروردگار عالم اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائیگا اور اسے بیماری سے صحت عطا فرمائے گا۔

☆ فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری فاتحہ پڑھ کر پانی یا عرق وغیرہ کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلائیں نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔

# پھوڑے اور پھنسی کا علاج

پھوڑے پھنسیوں کے علاج کے لیے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

☆ پاک صاف چینی کی طشتری لیں اور اس پر روغن گلاب و زعفران سے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی آیات مبارکہ لکھیں اور بعد ازاں اس طشتری کو روغن زیتون سے دھولیں اب اس روغن زیتون کو پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں چند دن کے عمل سے پھوڑے پھنسیوں کا نام ونشان بھی باقی نہ رہے گا۔

آیت مبارکہ:-

